# ایلومینیم فاسفائیڈ

ٹیبلیٹ 56 فیصد

## ذخیرہ شدہ اجناس کے کیڑوں سے مؤثر تحفظ




UPL
OpenAg™

اَریسٹا لائف سائنس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ



پاکستان میں زراعت کا شعبہ جہاں زرعی اجناس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کی طرف کوشاں ہے وہیں، پیدا شدہ زرعی اجناس محفوظ طریقے سے ذخیرہ کرنے، اس کو کیڑوں اور موسمی اثرات سے بچانے کی بھی اشد ضرورت ہے تاکہ ذخیرہ شدہ قیمتی اجناس کو نقصانات سے بچایا جا سکے اور بڑھتی انسانی آبادی کی ضروریات کو بہتر طور پر پورا کیا جا سکے۔

**اَردیسٹا لائف سائنس** ذخیرہ شدہ اجناس کو کیڑوں کے حملے سے محفوظ رکھنے کیلئے ایک معیاری **فیومیگینٹ ایلومینیم فاسفائیڈ** متعارف کروا رہا ہے۔

# ایلومینیم فاسفائیڈ

ٹیبلیٹ 56 فیصد

## ایلومینیم فاسفائیڈ کا طریقہ اثر:

**ایلومینیم فاسفائیڈ** ایک مؤثر اور تیز اثر فیومیگینٹ ہے۔ پیکنگ کھلنے پر **ایلومینیم فاسفائیڈ** کی گولیاں ہوا میں موجود نمی کے ساتھ ملکر ایک خطرناک گیس فاسفین (Phosphine) خارج کرتی ہیں۔ جو ذخیرہ شدہ اجناس میں موجود کیڑوں کے نظام تنفس اور اعصابی نظام کو تباہ کر کے ان کا خاتمہ کرتی ہیں۔ **ایلومینیم فاسفائیڈ** ذخیرہ شدہ اجناس کے کیڑوں اور کھیتوں میں چوہوں کے کنٹرول کیلئے مؤثر ہے۔

## ایلومینیم فاسفائیڈ کی خصوصیات:

- زرعی اجناس نقصان دہ کیڑوں کے ممکنہ حملے سے محفوظ رہتے ہیں۔
- **ایلومینیم فاسفائیڈ** ذخیرہ شدہ زرعی اجناس کو نقصان پہنچانے والے کیڑوں کی تمام حالتوں یعنی انڈوں سے لے کر بالغ تک کیلئے مہلک اور جان لیوا ہے۔
- **ایلومینیم فاسفائیڈ** میں موجود فوسفین گیس کا پھیلاؤ برابر اور بہت تیز ہے اور یہ با آسانی گودام اور کنٹینرز کے کونوں میں پہنچ جاتی ہے۔
- **ایلومینیم فاسفائیڈ** کی ایلومینیم پیکنگ **ایلومینیم فاسفائیڈ** کی بہترین کوالٹی کی ضمانت ہے۔

## ایلومینیم فاسفائیڈ کا دائرہ استعمال:

گودام یا ترپال میں ذخیرہ کی گئی اجناس اور پیک کی ہوئی اشیاء:

- تمام دالیں
- تمام اناج (گندم، چاول، مکئی، جوار، باجرہ وغیرہ)
- تیل دار اجناس (سورج مکھی)
- تمباکو
- کپاس کی گانٹھیں



## ایلومینیم فاسفائیڈ کا دائرہ اثر:

غلہ کو نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑے:

کھپرا (Khapra Beetle)

آٹے کی سسری (Red Flour Beetle)

گندم کا پروانہ (Angoumois Grain Moth)

ہندی پتنگا (Indian Meal Mouth)

چپٹی بھونڈی (Flat Grain Beetle)

گندم کی سسری (Brown Grain Beetle)

سونڈ والی سسری (Rice Weevil)

چاول کا پتنگا (Rice Mouth)

چنے کا ڈھورا (Pulse Beetle)

چپٹی بھونڈی (Saw Toothed Grain Beetle)









## ایلومینیم فاسفائیڈ فیومیگیشن کہاں کہاں اور کس طریقے سے کی جاتی ہے؟

### اسٹور کے اندر ڈھانپ کر رکھی گئی زرعی اجناس (بوریوں میں):

- گولیوں کی مقدار بلحاظ حجم گن لیں۔
- **ایلومینیم فاسفائیڈ** کی گولیوں کو کپڑے کی تھیلی میں رکھیں تا کہ فیومیگیشن کے بعد گولیوں کے باقیات کو باآسانی زائل کیا جا سکے۔
- کپڑے کی تھیلی میں رکھی گئی گولیوں کو گودام میں بوریوں کے بیچ اور اوپر ایسی جگہ رکھیں جہاں سے گیس باآسانی پورے گودام میں پھیل سکے، اور جہاں گولیاں رکھی جائیں وہاں نشان لگا دیں۔
- گولیاں رکھنے کے بعد بوریوں کو گیس ٹائٹ رکھنے کیلئے ترپولین کی چادر استعمال کریں اور بوریوں کے حجم کو ڈھانپ دیں اور مٹی کو بوریوں سے اچھی طرح ترپولین کی چادر کو بند کر دیں تا کہ ہوا کا گزر نہ ہو سکے۔
- گودام کے ساری کھڑکیاں اور دروازے بند کر دیں تا کہ ہوا کا گزر نہ ہو سکے۔
- گودام کے داخلی دروازوں پر باہر کی طرف سے نوٹس لگا دیں (یہاں ایلومینیم فاسفائیڈ سے فیومیگیشن جاری ہے)۔



**بڑے حجم والے گوداموں میں جہاں زرعی اجناس خام مال کی صورت میں ہو(بغیر ڈھانپی ہوئی)**

- فیومیگیشن کرنے سے پہلے گوادم کے تمام دروازے اور کھڑکیاں کھول دیں۔
- گولیاں کی تعداد کو بلحاظ حجم / زرعی اجناس گن لیں۔
- اپلیکیٹر کی مدد سے گولیاں کو زرعی اجناس میں 3 سے 4 فٹ گہرائی تک پہنچادیں۔
- ممکن ہو سکے تو خام زرعی اجناس کو ترپالیں کی چادر سے ڈھانپ دیں۔
- تمام دروازے اور کھڑکیاں ماسکنگ ٹیپ لگا کر بند کر دیں اور داخلی دروازوں پر نوٹس لگا دیں (یہاں ایلومینیم فاسفائیڈ سے فیومیگیشن جاری ہے)۔

**خالیگوداموں،فلورملوں اور کنٹینرز کی فیومیگیشن :**

- گولیوں کی مقدار کو بلحاظ حجم گن لیں۔
- فیومیگیشن سے پہلے تمام دروازے اور کھڑکیاں کھول دیں۔
- گولیوں کو کپڑوں میں باندھ کر گودام کی ایسی جگہوں پر رکھیں جہاں سے پورے گودام میں گیس پھیل سکے۔
- ساری کھڑکیاں اور دروازے ماسکنگ ٹیپ لگا کر بند کر دیں تا کہ ہوا کا گزر نہ ہو سکے۔
- داخلی دروازوں پر نوٹس لگا دیں (یہاں ایلومینیم فاسفائیڈ سے فیومیگیشن جاری ہے)۔

**کھیتوں میں موجود چوہوں،سانپ اور کیڑوں کیلئے فیومیگیشن :**

- سب سے پہلے کھیت میں چوہوں اور سانپ کے بل تلاش کریں اور اس میں کاغذ پھنسا دیں تا کہ جب چوہا یا سانپ اپنے بل میں آئے یا جائے تو کاغذ وہاں سے ہٹ جائے اور آپ صحیح جگہ پر ایلومینیم فاسفائیڈ کا استعمال کر سکیں۔
- کھیت میں صحیح سوراخوں کی نشاندہی پر وہاں اپلیکیٹر کی مدد سے ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیاں اندر ڈال دیں اور سوراخ کو مٹی کا گارا بنا کر بند کر دیں۔





## ہدایات برائے استعمال:

- ایلومینیم فاسفائیڈ کی کل مطلوبہ مقدار گودام یا پلاسٹک کی ترپال کے اندر پھیلانے کا کام زیادہ سے زیادہ آدھ گھنٹے میں مکمل کیا جائے، ضرورت کے مطابق آدمیوں کی تعداد بڑھالیں۔
- اکیلا آدمی فیومیگیشن کا کام ہرگز نہ کرے نیز فاسفین گیس سے محفوظ رکھنے والا گیس ماسک موقع پر موجود ہونا چاہیے تاکہ ہنگامی صورتحال سے نمٹا جاسکے۔
- فیومیگیشن کیئے گئے اسٹور میں داخل ہونے سے قبل گودام میں کم از کم 4 گھنٹے کیلئے ہوا کو گزرنا لازمی ہے۔
- فیومیگیشن کے دوران تمباکو نوشی اور کھانے پینے سے اجتناب کریں۔
- رہائشی علاقوں سے متصل کمروں میں فیومیگیشن نہ کریں۔
- ایلومینیم فاسفائیڈ کی بچی ہوئی راکھ کومت سونگھیں، راکھ کو کسی بھی کپڑے دھونے والے پاؤڈر کے ساتھ ملاکر پانی میں ملادیں اور آبی ذخائر سے دور گڑھا کھود کر دفنادیں۔
- ایلومینیم فاسفائیڈ کی بچی ہوئی گولیوں کو محفوظ کرنے کیلئے ڈھکن مضبوطی سے بند کردیں۔

## سفارشات برائے استعمال:

| | | فیومیگیشن کا طریقہ | گولیوں کی مقداد | گودام کو ہوابند رکھنے کا دورانیہ |
|---|---|---|---|---|
| زخیرہ شدہ اجناس کے حشرات | بلحاظ وزن | ذخیرہ شدہ کھلی اجناس | 4-2 گولیاں فی ٹن | 10-8 دن |
| | | سرائیت پذیر پیکنگ میں ذخیرہ شدہ اجناس | 5-3 گولیاں فی ٹن | 7-5 دن (10 سے 15 سینٹی گریڈ پر) |
| | بلحاظ حجم گودام | ذخیرہ شدہ کھلی اجناس | 20 گولیاں فی 1000 مکعب فٹ | 5-4 دن (15 سے 20 سینٹی گریڈ پر) |
| | | سرائیت پذیر پیکنگ میں ذخیرہ شدہ اجناس | 45 گولیاں فی 1000 مکعب فٹ | 4-3 دن (20 سینٹی گریڈ پر) |

### ضروری وضاحت:

- جس گودام کی جگہ میں فیومیگیشن کی جارہی ہو اس کا ہوابند ہونا بہت ضروری ہے تاکہ گیس مطلوبہ عرصے سے قبل خارج نہ ہوجائے۔
- زہر کا استعمال بلحاظ وزن جنس کرنے کی صورت میں گودام پوری طرح بھرا ہونا چاہیے اور خالی جگہ نہ ہونے کے برابر ہو۔
- دباؤ کے تحت پیک کی ہوئی اشیاء مثلاً تمباکو وغیرہ فیومیگیشن کیلئے **ایلومینیم فاسفائیڈ** کی مقدار کم یعنی ایک گولی فی مکعب میٹر کی جاسکتی ہے، لیکن گودام کو لازماً زیادہ عرصے تک ہوابند رکھنا ہوگا یعنی 15-25 سینٹی گریڈ کے ماحول میں کم از کم 15 دن اور 25 درجہ سے زیادہ کے ماحول میں کم از کم 10 دن۔
- کسی بھی شخص کو استعمال شدہ علاقے میں دوبارہ داخل نہ ہونے دیں جب تک کی فاسفائن کی سطح 0.3 پی پی ایم یا اس سے کم نہ ہوجائے تاکہ سانس لینے میں آسانی ہو۔



انتہائی آتش گیر

# زرعی زہروں کا ذمہ دارانہ استعمال
# ہماری صحت اور ماحول کا تحفظ



استعمال سے پہلے لیبل پر دی ہوئی ہدایات غور سے پڑھیں
اور اس پر عمل کریں۔



زہر کو بچوں کی پہنچ سے دور حفاظت سے رکھیں۔



استعمال کے وقت حفاظتی کپڑے (اپیرن) اور دوسری اشیاء
(عینک، دستانے، لونگ بوٹ) ضرور استعمال کریں۔



گودام میں بوروں کے درمیان گولیوں کو مناسب جگہ پر رکھیں۔



زہر کو کھانے پینے کی چیزوں سے علیحدہ رکھیں۔



کھانے پینے یا تمباکو نوشی کرتے وقت ہرگز اسپرے نہ کریں۔



زہر کے خالی ڈبوں کو پانی یا کھانے پینے کی چیزوں
کیلئے استعمال نہ کریں۔



استعمال کے بعد زرعی زہر کے خالی ڈبوں/بوتلوں/پیکٹوں کو
کھلیان اور آبی گزرگاہوں سے دور کسی غیر آباد زمین میں
جلا دیں یا زمین میں دفن کر دیں۔



آبی گزرگاہوں کو زرعی زہروں سے آلودہ نہ کریں۔



نقل و حمل کے دوران زہر کو مسافروں اور کھانے پینے کی
اشیاء سے دور رکھیں۔



اگر زہر جسم پر لگ جائے تو کپڑے اُتار دیں اور جسم کو
صابن سے اچھی طرح دھوئیں۔



زہر کا اثر ہو جانے کی صورت میں فوری طبی امداد حاصل کریں
اور زہر کا لیبل ڈاکٹر کو ضرور دکھائیں۔


مزید معلومات کیلئے **اَریسٹا لائف سائنس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ** کے نمائندوں سے رابطہ کریں

ہیڈ آفس : تھرڈ فلور، بلڈنگ نمبر 5/A، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، بلاک نمبر 6، شاہراہ فیصل کراچی 75350 پاکستان۔فون 3-34522611 (92-21+)

ریجنل آفسز : • لاہور: 042-37513154 • ملتان: 061-6537315-18 • حیدرآباد: 022-3880103 • پشاور: 091-2964529

Arystalifesciencepk    www.upl-ltd.com/pk


UPL
OpenAg™

ALSPK-2302